ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (238)

مورخہ 30.04.24

**بہاولپور(         )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو منشیات فروشوں اور اشتہاری مجرمان کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کرنے کے ساتھ ساتھ ضلع میں امن وامان کی صورت حال کو مزید بہتر بنانے کیلئے متعدد احکامات جاری کر دیئے۔محنت اور جانفشانی سے کام نہ کرنے والوں کا سخت محکمانہ احتساب کیا جائے گا،روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک جائے گی،ڈی پی او اسد سرفرار خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول اور معاشرے میں امن وامان کی صورت حال کو قائم رکھنے کے حوالے سے جاری کردہ پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو متعدد احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے،شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔روزانہ کی پراگرس چیک کی جارہی ہے۔اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔ قتل،اقدام قتل،ڈکیتی،رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے،اور چالان دی گئی ڈیڈ لائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں اور گشت کے نظام کو مزید بہتر بنائیں اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے۔منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے تمام ایس ایچ اوز کو موٹرسائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کو یقینی بنانے،درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے،مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے متعلقہ افسران کو ٹاسک سونپے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو منشیات فروشوں،اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں اور ضلع میں امن امان کی صورت حال کو مزید بہتر بنانے کے متعلق متعدد احکامات جاری کر دیئے